دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

شفیق فاروقی

وزارت مذہبی امور کا تعزیت نامہ چند ماہ قبل دارالعلوم کے ایک ہونہار طالب علم مولوی محمد حنیف وزیرستانی شریک دورۂ حدیث شریف دارالعلوم کے سامنے سڑک کراس کرتے ہوئے ایکسیڈنٹ میں شہید ہو گئے تھے۔ اس سانحہ پہ پاکستان کی وفاقی وزارت مذہبی امور کے معزز سیکرٹری نے حسب ذیل تعزیتی گرامی نامہ بنام مولانا سمیع الحق ارسال کیا ہے۔ جوابی خط میں مولانا نے ایک دینی طالب علم کی وفات پر سیکرٹری صاحب موصوف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لکھا کہ اعلیٰ حلقوں میں دینی طلبہ اور اہل دین کی قدر و منزلت کا احساس ایک خوشگوار تبدیلی ہے اور وہ نوجوان طلبہ اس اعزاز و امتنان کے اصل مستحق ہیں جن کی جوانیاں دین کے لئے وقف ہیں۔ وللہ العزۃ ولرسولہ وللمومنین۔ تعزیت نامہ یہ ہے :۔

حوالہ نمبر ۲۲۱/ڈی ڈی جی/آر آر/ ۸۱ ۲۵-۴-۸۱

اظہار تعزیت

مکرم و محترم۔ السلام علیکم

آپ کے دارالعلوم کے ہونہار و دیندار طالب علم محمد حنیف وزیرستانی مرحوم کی وفات حسرت آیات کی اطلاع پا کر صدمہ ہوا۔ سب سے زیادہ دکھ اس بات سے ہوا کہ مرحوم ایک تیز رفتار کار کی زد میں آکر جاں بحق ہوئے۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ طالب علم کی موت شہادت ہے۔ یقیناً علم دین کے طالب علم کی وفات اور وہ بھی ایک حادثے میں، نہایت اندوہناک ہے۔ میری دعا ہے کہ رب العزت مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند منصب سے نوازے اور مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اللہم اغفرلہ وارحمہ آمین

شریک غم

ع ا امتیازی

(عرفان احمد امتیازی) سیکرٹری